SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ACT NO.V OF 1995

سندھ (پولٹری ویکسین مرکز) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE SINDH (POULTRY VACCINE CENTRE) ACT, 1995

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ مرکز کا قیام
Establishment of the Centre
۴۔ مرکز کے معاملات کا انتظام
Administration of the affairs of the Centre
۵۔ بورڈ کی تشکیل
Constitution of the Board
۶۔ چیئرمین اور میمبران کی ذمیداریاں اور کام
Duties and functions of Chairman and Members
۷۔ بورڈ کی میٹنگ
Meeting of the Board
۸۔ مرکز کے کام
Functions of the Centre

۹۔ مرکز کے اختیارات اور ذمیداریاں
Powers and duties of the Centre
۱۰۔ کمیٹی کی تشکیل
Constitution of the Committee
۱۱۔ مشیروں، علداروں وغیرہ کی مقرری
Appointment of advisors officers etc
۱۲۔ فنڈ
Fund
۱۳۔ بجٹ
Budget
۱۴۔ اکاؤنٹس اور آڈٹ کا رکارڈ رکھنا
Maintenance of Accounts and audit
۱۵۔ بقایاجات کی وصولی
Recovery of dues
۱۶۔ ریٹرنس، اسٹیٹمنٹ وغیرہ
Returns, statement etc
۱۷۔ اختیارات کی منتقلی
Delegation of Powers
۱۸۔ پبلک سرونٹ
Public Servant
۱۹۔ ضمانت
Indemnity
۲۰۔ قواعد بنانے کا اختیار
Powers to make rules
۲۱۔ ضوابط بنانے کا اختیار
Powers to make regulations
۲۲۔ منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ACT NO.V OF 1995

سندھ (پولٹری ویکسین مرکز) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE SINDH (POULTRY VACCINE CENTRE) ACT, 1995

[۲۷ ستمبر ۱۹۹۵]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے صوبہ سندھ میں پولٹری ویکسین مرکز قائم کیا جائے گا۔
جیسا کہ پولٹری ویکسین کی پیداوار کو ترقی دلانا اور ویکسینز کے معیار کی بہتری کے لیئے سائنسی اور فنی تحقیق اور نئی ویکسین کی پیداوار کے لیئے پولٹری مرکز کا قیام مقصود ہے؛
ان کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

باب -I
شروعاتی

۱۔ (۱)اس ایکٹ کو سندھ (پولٹری ویکسین مرکز) ایکٹ، ۱۹۹۵ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "بورڈ" مطلب دفعہ ۵ کے تحت بنایا گیا بورڈ؛

(b) "چیئرمین" مطلب بورڈ کا چیئرمین؛

(c) "فنڈ" مطلب مرکز کا فنڈ؛
(d) "حکومت" مطلب سندھ حکومت؛
(e) "میمبر" مطلب بورڈ کا میمبر؛
(f) "بیان کردہ" مطلب قواعد اور ضوابط کے تحت بیان کردہ؛
(g) "ضوابط" مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط؛
(h) "قواعد" مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد۔

مرکز کا قیام
Establishment of the Centre

باب -II
مرکز کا قیام

مرکز کے معاملات کا انتظام
Administration of the affairs of the Centre

۳۔ (۱) اس ایکٹ کی شروعات کے بعد جتنا جلد ہو سکے حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت ایک مرکز قائم کرے گی جس کو سندھ پولٹری ویکسین مرکز کہا جائے گا۔
(۲)مرکز باڈی کارپوریٹ ہوگا، جس کو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت دونوں اقسام کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے، رکھنے یا نیکال کرنے کے ساتھ حقیقی وارثی اور عام مہر ہوگی، جو مذکورہ نام سے کیس کر سکے گا اور اس پر کیس ہو سکے گا۔
(۳)مرکز کا ہیڈ کوارٹر کراچی میں ہوگا۔
(۴)مرکز ایسی جگہوں پر مقامی آفیسیں قائم کر سکتا ہے، جیسے وہ ضروری سمجھے۔

بورڈ کی تشکیل
Constitution of the Board

۴۔ (۱) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت مرکز کی عام ہدایت اور انتظام اور اس کے سارے معاملات بورڈ کے ہاتھ میں ہوں گے، جو سارے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے سارے کام اور چیزیں کرے گا جیسے مرکز کی طرف سے ہونے چاہئیں۔
(۲)بورڈ کام کے دورام پولٹری ویکسین کی پیداوار کے بہتر اصولوں پر عمل کرے گا اور تجارتی

ضروریات پر عمل کرے گا اور حکومت کی طرف سے وقتن فوقتن ہدایات سے رہنمائی کی جائے گی۔

(۳)اگر کوئی سوال اٹھتا ہے کہ کوئی معاملہ پالیسی کا ہے یا نہیں تو حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۵۔ (۱) بورڈ مشتمل ہوگا:

(i) سیکریٹری فشریز اینڈ لائیو اسٹاک ڈپارٹمنٹ (چیئرمین)

(ii) ڈائریکٹر جنرل، لائیو اسٹاک اینڈ فشریز ڈپارٹمنٹ (آفیشل میمبر)

(iii) ڈپٹی سیکریٹری (Tech) یا سیکشن آفیسر (Tech) فشریز اینڈ لائیو اسٹاک ڈپارٹمنٹ، جیسے محکمہ کے سیکریٹری کی طرف سےنامزد کیئے جائیں (آفیشل میمبر)

(iv) ڈائریکٹر، پولٹری پروڈکشن اینڈ ریسرچ سندھ کراچی (آفیشل میمبر)

(v) ڈائریکٹر، پولٹری ویکسین پروڈکشن مرکز (آفیشل میمبر)

(vi) چیئرمین آف دی ڈپارٹمنٹ آف فزیولاجی، یونیورسٹی آف کراچی یا اس کا نامزد کردہ (نان آفیشل میمبر)

(vii) K & N's بریڈنگ فارمس کراچی کا چیف ایگزیکٹو (نان آفیشل میمبر)

(viii) چیئرمین آف دی پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن سندھ زون (نان آفیشل میمبر)

(۲)ڈائریکٹر پولٹری ویکسین مرکز بورڈ کا سیکریٹری بھی ہوگا۔

(۳)چیئرمین کسی خاص مقصد کے لیئے یا مخصوص عرصہ کے لیئے کسی فرد کو میمبر مقرر کر سکتا ہے۔

(۴)میمبر چیئرمین کی خوشی سے آفیس رکھ سکے گا۔

(۵)میمبر ہاتھ کی تحریر سے چیئرمین کو اپنی استعیفیٰ بھیج سکتا ہے۔

چیئرمین اور میمبران کی ذمیداریاں اور کام

Duties and functions of Chairman and Members

بورڈ کی میٹنگ

Meeting of the Board

مرکز کے کام

Functions of the Centre

(٦) مرکز غیر سرکاری میمبروں کو ایسا معاوضہ ادا کرے گا جیسے وہ بورڈ کی منظوری سے طے کرے۔
(۷)بورڈ کا کوئی بھی قدم یا کارروائی اس میں موجود کسی آسامی یا بورڈ کی تشکیل میں کسی نقص کی صورت میں غیر موثر نہیں ہوں گے۔

٦۔ (١) چیئرمین اور میمبر ایسی ذمیداریاں ادا کریں گے اور ایسے کام کریں گے جیسے ان کو اس ایکٹ کے تحت سونپے جائیں۔
(٢)جب تک بورڈ تشکیل دیا جائے، تب تک چیئرمین ایسی ہدایات کے تحت جو حکومت دے، بورڈ کے ایسے اختیارات استئمال کرے گا اور ایسی ذمیداریاں نبھائے گا اور ایسے کام سرانجام دے گا۔

مرکز کے اختیارات اور ذمیداریاں
Powers and duties of the Centre

۷۔ (١) بورڈ کا تمام واپار بڑھایا جائے گا اور ضوابط میں بیان کردہ طریقیکار کے تحت بورڈ کی میٹنگ میں پیش کیا جائے گا۔
(٢)بورڈ کی میٹنگ ایسے وقت اور جگہ پر بلائی جائے گی جیسے ضوابط میں بیان کیا گیا ہو، بشرطیکہ جب تک ضوابط نہیں بنائے گئے، میٹنگ ایسے بلائی جائے گی جیسے چیئرمین ہدایت کرے۔

باب -III
مرکز اور کمیٹیز کے اختیارات اور ذمیداریاں

کمیٹی کی تشکیل
Constitution of the Committee

۸۔ مرکزمندرجہ ذیل کام کرے گا:

(a) پولٹری ویکسین کی پیداوار بڑھائے گا اور اس سلسلے میں منصوبابندی اور ترقی دلانے کے پروجیکٹس کا ذمیدار ہوگا؛

مشیروں، علداروں وغیرہ کی مقرری
Appointment of advisors officers etc

(b) ویکسینز کے معیار کی بہتری اور نئی ویکسینز کی پیداوار کے لیئے سائسی اور فنی تحقیق کرائے گا اور ایسی ویکسینز کے استعمال اور ایسی عام معلومات کے لیئے تحقیق کے نتائج شایع کروائے گا۔

فنڈ

(c) پولٹری ویکسینز کے میدان میں آسان

عملدرآمد تربیتی پروگرام کروائے گا؛

(d) پولٹری ویکسین کے معیار کے لیئے جوائنٹ وینچرز کو ترقی دلانا خاص طور پر بیرون ملک سرمایہ کاروں کے ساتھ؛

(e) پولٹری ویکسین کے معیار کی بہتری کے لیئے جوائنٹ وینچرز کو ترقی دلانا خاص طور پر بیرون ملک سرمایہ کاروں کے ساتھ؛

(f) ایسے اقدام اٹھانا جو اس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری یا فائدہ مند ہوں۔

Fund

۹۔ مرکز کو اختیار ہوگا کہ:

(a) منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنا، ضابطہ رکھنا اور انتظام کرنا؛

(b) کسی جائیداد کا نیکال؛

(c) اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے اسکیم تشکیل دینا اور نافذ کرنا؛

(d) اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے کوئی خرچ کرنا؛

(e) سارے ٹھیکوں میں داخل ہونا اور کام کرنا، جیسے وہ ضروری سمجھے۔

بجٹ
Budget

۱۰۔ مرکز ایسی تشکیل اور کاموں کے ساتھ فنی اور مشاورتی کمیٹیاں بنا سکتا ہے، جیسے ضوابط میں بیان کیا گیا ہو اور جب تک ضوابط بنائے جائیں، چیئرمین ایسی کمیٹیز کی تشکیل اور کام بیان کرے گا۔

اکاؤنٹس اور آڈٹ کا رکارڈ رکھنا
Maintenance of Accounts and audit

۱۱۔ مرکز اپنی بہتری کارکردگی کے لیئے ایسے مشیر، کنسلٹنٹس، عملدار اور دوسرا اسٹاف ایسی پروفیشنل، ٹیکنیکل اور منسٹیریل اہلیت اور تجربے والا مقرر کر سکتا ہے اور ایسی شرائط و ضوابط کے تحت جیسے ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔

بقایاجات کی وصولی
Recovery of dues

باب -IV
فنانس، آڈٹ اور اکاؤنٹس

ریٹرنس، اسٹیٹمنٹ وغیرہ
Returns, statement

۱۲۔ (۱)مرکزایک سیلف فنانسنگ باڈی ہوگا اور ایک علحدہ فنڈ رکھے گا، جس کو پولٹری ویکسین مرکز فنڈ کہا جائے گا۔

(۲)فنڈ مشتمل ہوگا:

(a) پولٹری ویکسینز کے سیل پروسیڈس دوسرے پولٹری بایولاجیکل پراڈکٹس یا مرکز کی دوسری جائیداد؛

(b) حکومت کی طرف سے کی گئی گرانٹس یا حکومت سے حاصل کردہ قرض؛

(c) کسی شخص یا باڈی کی طرف سے کی گئی گرانٹس؛

(d) حکومت کی منظوری سے کسی بھی وسیلے سے حاصل کردہ قرض؛

(e) اس کے سرپلس فنڈس جمع کرنے پر منافعہ اور ویاج؛

(f) مرکز کی طرف سے حاصل کرنے لائق دوسری ساری رقمیں۔

(۳)فنڈ میں جمع کردہ رقم بورڈ کی طرف سے منظورہ کردہ کسی شیڈولڈ بینک میں رکھی جائے گی۔

(۴)فنڈ اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے استعمال کیا جائے گا، بشمول تنخواہوں اور اس ایکٹ کے تحت ادائگی کے لائق دوسری مراعات کے۔

(۵)مرکز اپنے اضافی فنڈ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی کسی سکیورٹی میں یا دوسری کسی سکیورٹی یا حکومت کی طرف سے منظور کردہ اسکیم میں لگائے گا۔

۱۳۔ مرکز کی سالانہ بجٹ اس طرح تیار کی اور منظور کی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

۱۴۔ (۱) مرکز مکمل اور درست طریقے اکاؤنٹس رکھے گا اور ایسے طریقے سے جیسے قواعد میں بیان کیا گیا ہو۔

(۲)مرکز کے اکاؤنٹس بورڈ کی طرف سے منظور کردہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف سے ہر سال آڈٹ

etc
اختیارات کی منتقلی
Delegation of Powers

پبلک سرونٹ
Public Servant

ضمانت
Indemnity

قواعد بنانے کا اختیار
Powers to make rules

ضوابط بنانے کا اختیار
Powers to make regulations

منسوخی
Repeal

کیئے جائیں گے۔
۱۵۔ کسی شخص، باڈی یا تنظیم کی طرف سے مرکز کی طرف واجب الادا ساری رقوم لینڈ روینیو کی بقایاجات کے مطابق وصولی لائق ہوں گی۔

باب -V
متفرقات

۱۶۔ حکومت مرکز سے مرکز سے متعلقہ کسی معاملے کے حوالے سے کوئی کاغذ، ریٹرن، اسٹیٹمنٹ، اسٹیٹسٹکس یا دوسری کوئی معلومات طلب کر سکتی ہے اور مرکز ایسی درخواست پر عمل کرے گا۔
۱۷۔ (۱) مرکز عام یا خاص حکم کے ذریعے اور ایسی شرائط کے تحت اس ایکٹ، یا اس سلسلے میں قواعد اور ضوابط کے تحت اپنے اختیارات، ذمیداریوں اور کاموں میں سے کوئی بھی چیئرمین، میمبران اور عملداروں کو منتقل کر سکتا ہے۔
(۲)چیئرمین، اس ایکٹ کے تحت اپنے اختیارات میں سے کوئی بھی کسی عملدار یا مرکز کے ملازم کو سونپ سکتا ہے، علاوہ ان اختیارات کے جو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اس کو سونپے گئے ہیں۔
۱۸۔ چیئرمین، میمبر، مشیر، کنسلٹنٹس یا مرکز کے ملازم جب ان ضوابط یا قواعد کے تحت عمل کر رہے ہوں، وہ پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ ۲۱ کے تحت پبلک سرونٹس سمجھے جائیں گے۔
۱۹۔ اس ایکٹ، قواعد یا ضوابط کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر کوئی مقدمہ، کیس یا دوسری کوئی قانونی کارروائی مرکز، چیئرمین، میمبران یا کسی مشیر، کنسلٹنٹس یا مرکز کے عملدار کے خلاف نہیں ہوگی۔
۲۰۔ حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۲۱۔ مرکز، دوسرے سارے معاملات کے لیئے ضوابط بنا سکتا ہے، جو قواعد نہیں بیان نہ کیئے گئے ہوں اور جن کے لیئے اس ایکٹ اور قواعد کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے گنجائش ضروری ہے۔

۲۲۔ سندھ (پولٹری ویکسین مرکز) آرڈیننس، ۱۹۹۵ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔